کے علاوہ اساتذہ وطلباء جامعہ نے بھی اپنی ذمہ داریوں کو بڑے خلوص، محنت اور تندہی سے انجام دیا۔

تین ہزار افراد کے علاج کی گنجائش والے اس کیمپ سے تقریباً پانچ ہزار افراد نے فائدہ اٹھایا —— آنکھوں کے معائنہ کے لیے سپیشلسٹ، ماہر ترین ڈاکٹروں کی ایک فعال ٹیم موجود تھی —— تقریباً اڑھائی صد آپریشن ہوئے۔ اٹھارہ مریضوں کی آنکھوں کے اندر شیشہ لگایا گیا، جب کہ باقی مریضوں کو چشمے لگائے گئے اور دوائیاں مفت فراہم کی گئیں۔

علاج معالجہ کا سلسلہ دو دن جاری رہا —— کیمپ کے مقررہ وقت سے قبل ہی بڑی تعداد میں دور دراز سے لوگ جامعہ میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے، اس دوران مریضوں اور ان کے لواحقین کو کھانا اور رہائشی سہولتیں بھی مفت فراہم کی جاتی رہیں —— ڈاکٹروں کی ٹیم اور جہلم شہر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جامعہ کے رئیس علامہ محمد مدنی، مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، رفقائے جماعت اور اساتذہ وطلبائے جامعہ کے بھرپور تعاون اور دکھی انسانیت کی خدمت کے اس عظیم کام پر انہیں مبارک باد دی، ان کے خلوص اور جذبے کو دل کھول کر سراہا اور جامعہ کی مزید ترقی اور کامیابی کے لیے دعائیں کیں —— فللہ الحمد!

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

جامع مسجد اہل حدیث حنانیہ وزیر آباد کے خطیب اور ممتاز عالم دین مولانا عبدالرحمان صاحب عتیق کو خطبۂ جمعۃ المبارک دیتے ہوئے اچانک دل کا دورہ پڑا اور آپ نمازِ عصر کے وقت داعئ اجل کو لبیک کہہ گئے۔ دریں اثناء جماعت کی معروف علمی شخصیت مولانا محمد موسیٰ کاظم صاحب خطیب چک ۶۵۱ چوک منڈا کی بھی اچانک وفات کی خبر ملی ہے —— انا للہ وانا الیہ راجعون!

رئیس جامعہ علوم اثریہ علامہ محمد مدنی اور مدیر جامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مرحومین کی دینی علمی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر فرماتے ہوئے انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ ادارہ محدث بھی مرحومین کی بلندی درجات کے لیے دعاگو ہے۔